Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. حدیث کی اہم کتابوں کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.صیح بخاری 2.صیح مسلم 3.سنن ابی داؤد 4.جامع ترمذی 5.سنن نسائی

Q2. جان آسٹن قانون کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

Ans 1: جان آسٹن مے قا نون کی یہ تعریف کہ ہے کہ"قانون ایک برتر کاکمتر کو دیا گیا حکم ہوتا ہے"یہ تعریف نا مکمل اور ناقص ہے کیونکہ آسٹن نے رسم و رواج کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے.

Q3. ٹی ایچ گرین نے قانون کی تعریف کیسے کی ہے؟

Ans 1: ٹی ایچ گرین نے قانون کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ: "قانون حقوق فرائض کا ایسا نظام ہے جسے ریسات نافذ کرتی ہے.".گرین کا خیال ہے کہ وہ صرف اپنے شہریوں کے حقوق و فرائض کا تعین کرتا ہے.

Q4. اسلامی قانون سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اللہ نے اپنے بندوں کی رہنمائی کے لیے حضرت محمد(ص) کے ذریعے رشدوہدایت کا پیغام قرآن کی صورت میں بیھجا ہے یہ اللہ کا بنایا ہوا قانون ہے جو غلطیوں سے مبرا ہے،اسلام ایک مکمل نظام حیات پیش کرتا ہے جس میں تمام انسانوں کے اچھائی اور برائی کے راستے کی نشاندہی کر دہ گئی ہے.

Q5. مقنہ کےقوانین سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سب سےاہم اورجدید مقنہ کے ذریعے قانون وضع کرنا ہے جو عوام کے منتخب کردہ نمائندوں پر مشتمل ہوتی ہے جس کا کام نہ صرف ملک کا آئین مرتب کرنا ہوتا ہےبلکہ روزمرہ کے حالات کے لیے قوانین وضع کرنا بھی ہوتا ہے.آمریتوں میں قانون سازی کا فرض آمر سرانجام دیتا ہے.تاہم دکھاوے کے لیے وہ بھی ایک کونسل ضرور بناتا ہے جبکہ جمہوری ممالک میں مقنہ یہ کام سرانجام دیتی ہے.ان قوانین کو مقنہ کے قوانین کہا جاتا ہے.

Q6. قانون کی تعریف کریں.

Ans 1: قانون سےمراد وہ اصول و صوابط ہیں جو انسان کے خارجی افعال سے متعلق ہوتے ہیں اور جنہیں وضع کر کے ریاست اپنی طاقت کی بناء پر نافذ کرتی ہے.

Q7. عدلیہ کب قانون وضع کرتی ہے؟

Ans 1: بعض اوقات عدلیہ بھی قانون سازی کا کام کرتی ہے.بعض اوقات کسی خاص معاملے میں قانون خاموش ہوتا ہے یا مبہم ہوتا ہے ایسی صورت میں جج صاحبان اپنی بصیرت سے کام لے کر فیصلہ دیتے ہیں بعد میں یہ فیصلہ ماتحت عدالتوں کے لیے قانون کا ہی درجہ رکھتا ہے.

Q8. قانون کی کونسی دو اقسام ہیں؟نام لکھیں.

Ans 1: قانون کی درج ذیل دو اقسام ہیں: 1.قومی قانون 2.بین الاقوامی قانون

Q9. رسمی قانون سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رسمی قانون سے مراد ایسا قانون ہے جسے عوام کی مروجہ روایات اور رسومات پر استوار کیا گیا ہو.اگرچہ ان کو باقاعدہ قانونی شکل نہیں دی جاتی لیکن عدالتیں ان کا احترام کرتی ہیں.

Q10. عدالتی فیصلے اور اصول معدلت میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: عدالتی فیصلے اور معدلت میں یہ فرق ہے کہ عدالتی فیصلہ جج پہلے موجود قانون کی تعبیروتشریح کر کہ دیتا ہے.

Ans 2: جبکہ اصول معدلت کے تحت وہ انصاف کی رو سے فیصلہ کرتا ہے.واضح ہو کہ ،معدلت کے اختیارات عام طور پر اعلی عدالتوں کو حاصل ہوتے ہیں.